ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(367)

07-07-2023

**بہاول پور( )جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ، ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی، سیکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔سیکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے، شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صورتحال کے پیش نظر شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شر پسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے، سیکیورٹی فرائض میں غفلت و لاپرواہی بلکل برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں موثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: جمعتہ المبارک کے موقع پر مساجد و امام بارگاہوں پر پولیس کے افسران و جوان الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (368)

مورخہ 07.07.23

**بہاولپور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے آئس نوش وفروش کرنے والوں کے خلاف فیلڈ افسران کو جاری گرینڈ آپریشن کو مزید تیز کرنے کے احکامات۔جاری آپریشن کے نتیجے میں متعدد گرفتار۔اہل بہاولپور کا پولیس کو خراج تحسین۔انسانیت کے روپ میں انسانیت کے دشمن کسی صورت بچ نہیں پائیں گے،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم کو اور تیز کر دیا گیا۔ضلع بھر میں آئس جیسی لعنت کو نوش وفروش کرنے والوں کے خلاف اب تک متعدد کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے ضلع بھر میں ملزمان کو بند حوالات کیا جا چکا ہے۔جن کو بہترین تفتیش اور پراسیکیوشن کی مدد سے ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔آپریشن کے نتیجے میں بہاولپور میں کافی حد تک آئس نشے کو ختم کیا جا چکا ہے۔جبکہ مزید آپریشن تیز کیا جا رہا ہے تا کہ اس کا مکمل صفایا کیا جا سکے۔اس موقع پر ڈی پی او نے ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ آئس کا نشہ نوجوان نسل کو تباہی کی طرف لے جا رہا ہے،اس لعنت کو جڑ سے ختم کرنا لازم ہے۔انسانیت کے روپ میں نوجوان نسل کے دشمن افراد نوجوان لڑکے،لڑکیوں کو منشیات کا عادی بنا رہے ہیں،ان معاشرتی دشمن عناصر کو بے نقاب کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ ضلع بھر کے تعلیمی اداروں میں آئس نوش وفروش کرنے والوں کے خلاف سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا بہاولپور پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔اہل بہاولپور نے پولیس کے اس مثبت اقدام پر بہاولپور پولیس کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے آئس نوش وفروش کرنے والوں کے خلاف جاری گرینڈ آپریشن کو مزید تیز کرنے کے احکامات

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (369)

07-07-2023

## بہاول پور ( ) تھانہ سٹی حاصل پور پولیس کی پتنگ بازی کے خلاف بھرپور کارروائی ، بھاری تعداد میں پتنگ اور جان لیوا کیمیکل ڈور برآمد۔ پتنگ بازوں اوراس کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ڈی پی اوسید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی پتنگ بازی و پتنگ سازی سے متعلق جاری ہدایات پرعملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے پولیس کو اس ضمن میں کارروائی کرنے کے احکامات جاری کیے تھے۔جس کے نتیجہ میں تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے اسپیشل انفارمیشن پر پتنگ فروخت کرنے کو ریڈ کر کے گرفتار کرلیا، دوران کارروائی پتنگ فروش کی دوکان سے 50 عدد مختلف رنگوں کی پتنگیں اور 60 عدد کیمیکل ڈور کے گوٹ برآمد کر لئے۔ پولیس نے ملزم رحمان عبدالستار کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے۔ڈی پی اوسید محمد عباس نے کہا پتنگ سازی کے کاروبار اور پتنگ بازی کرنا انتہائی ممنوع ہے یہ ایک خونی کھیل ہے۔ پتنگ بازی اوراس کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف سخت سے سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ پتنگ بازی کھیل نہیں بلکہ جرم ہے کسی صورت رعایت نہیں برتی جائے گی کسی کو عوام الناس کی زندگیوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: تھانہ سٹی حاصل پور پولیس کی پتنگ بازی کے خلاف بھرپور کارروائی ، بھاری تعداد میں پتنگ اور جان لیوا کیمیکل ڈور برآمد، ملزم گرفتار